کِتابِ مُقدّس

یعنی

پُرانا اور نیا عہد نامہ

پاکستان بائبل سوسائٹی

انار کلی۔ لاہور

The Holy Bible in URDU
Revised Version

PAKISTAN BIBLE SOCIETY
LAHORE

093 series - 2004 - 1.1M

093TI ISBN - 969250476X
095YTI ISBN - 9692504808

متّی کی اِنجیل

باب ۱ یِسُوع مسیح اِبنِ داؤد اِبنِ ابرہام کا نسب نامہ ○
۲ ابرہام سے اِضحاق پَیدا ہُؤا اور اِضحاق سے یعقوب پَیدا
۳ ہُؤا اور یعقوب سے یہوداہ اور اُسکے بھائی پَیدا ہُوئے ○ اور
یہوداہ سے فارص اور زارح تمر سے پَیدا ہوئے۔ اور فارص
۴ سے حصرون پَیدا ہُؤا اور حصرون سے رام پَیدا ہُؤا ○ اور رام
سے عمینداب پَیدا ہُؤا اور عمینداب سے نحسون پَیدا ہُؤا
۵ اور نحسون سے سلمون پَیدا ہُؤا ○ اور سلمون سے بوعز راحب سے
پَیدا ہُؤا اور بوعز سے عوبید رُوت سے پَیدا ہُؤا اور عوبید
۶ سے یسّی پَیدا ہُؤا ○ اور یسّی سے داؤد بادشاہ پَیدا ہُؤا۔
اور داؤد سے سُلیمان اُس عورت سے پَیدا ہُؤا جو پہلے اُوریاہ
۷ کی بیوی تھی ○ اور سُلیمان سے رحُبعام پَیدا ہُؤا اور رحُبعام سے ابیاہ
۸ پَیدا ہُؤا اور ابیاہ سے آسا پَیدا ہُؤا ○ اور آسا سے یہوسفط پَیدا ہُؤا
۹ اور یہوسفط سے یُورام پَیدا ہُؤا اور یُورام سے عُزیّاہ پَیدا ہُؤا ○ اور
عُزیّاہ سے یُوتام پَیدا ہُؤا اور یُوتام سے آخز پَیدا ہُؤا اور آخز سے
۱۰ حِزقیاہ پَیدا ہُؤا ○ اور حِزقیاہ سے منسّی پَیدا ہُؤا اور منسّی سے
۱۱ امُون پَیدا ہُؤا اور امُون سے یُوسیاہ پَیدا ہُؤا ○ اور گرفتار ہوکر
بابل جانے کے زمانہ میں یُوسیاہ سے یکُونیاہ اور اُسکے بھائی پَیدا ہُوئے ○
۱۲ اور گرفتار ہوکر بابل جانے کے بعد یکُونیاہ سے سیالتی ایل پَیدا
۱۳ ہُؤا اور سیالتی ایل سے زرُبّابل پَیدا ہُؤا ○ اور زرُبّابل سے ابیہود
پَیدا ہُؤا اور ابیہود سے اِلیاقیم پَیدا ہُؤا اور اِلیاقیم سے عازور پَیدا
۱۴ ہُؤا ○ اور عازور سے صدوق پَیدا ہُؤا اور صدوق سے اخیم پَیدا
۱۵ ہُؤا اور اخیم سے اِلیہود پَیدا ہُؤا ○ اور اِلیہود سے اِلیعزر پَیدا
ہُؤا اور اِلیعزر سے متّان پَیدا ہُؤا اور متّان سے یعقوب پَیدا
۱۶ ہُؤا ○ اور یعقوب سے یُوسف پَیدا ہُؤا۔ یہ اُس مریم کا شوہر تھا
جس سے یِسُوع پَیدا ہُؤا جو مسیح کہلاتا ہے ○
۱۷ پس سب پُشتیں ابرہام سے داؤد تک چودہ پُشتیں ہُوئیں
اور داؤد سے لیکر گرفتار ہوکر بابل جانے تک چودہ پُشتیں اور گرفتار
ہوکر بابل جانے سے لیکر مسیح تک چودہ پُشتیں ہُوئیں ○
۱۸ اب یِسُوع مسیح کی پَیدایش اِس طرح ہُوئی کہ جب اُسکی ماں
مریم کی منگنی یُوسف کے ساتھ ہوگئی تو اُنکے اکٹھے ہونے سے پہلے وہ

۱۹ رُوح القدس کی قُدرت سے حامِلہ پائی گئی ○ پس اُسکے شوہر یُوسف نے
جو راستباز تھا اور اُسے بدنام کرنا نہیں چاہتا تھا اُسے چُپکے سے
۲۰ چھوڑ دینے کا اِرادہ کیا ○ وہ اِن باتوں کو سوچ ہی رہا تھا کہ خُداوند
کے فرشتہ نے اُسے خواب میں دِکھائی دیکر کہا اَے یُوسف اِبنِ داؤد
اپنی بیوی مریم کو اپنے ہاں لے آنے سے نہ ڈر کیونکہ جو اُسکے پیٹ
۲۱ میں ہے وہ رُوح القدس کی قُدرت سے ہے ○ اُسکے بیٹا ہوگا اور تُو
اُسکا نام یِسُوع رکھنا کیونکہ وُہی اپنے (الف) لوگوں کو اُنکے گُناہوں سے
۲۲ نجات دیگا ○ یہ سب کچھ اِسلئے ہُؤا کہ جو خُداوند نے نبی کی معرفت
کہا تھا وہ پُورا ہو کہ ○
۲۳ دیکھو ایک کنواری حامِلہ ہوگی اور بیٹا جنیگی
اور اُسکا نام عِمّانُوایل رکھینگے
۲۴ جسکا ترجمہ ہے خُدا ہمارے ساتھ ○ پس یُوسف نے نیند سے جاگ
کر ویسا ہی کیا جیسا خُداوند کے فرشتہ نے اُسے حُکم دِیا تھا اور اپنی
۲۵ بیوی کو اپنے ہاں لے آیا ○ اور اُسکو نہ جانا جب تک اُسکے بیٹا نہ ہُؤا
اور اُسکا نام یِسُوع رکھا ○

باب ۲ ۱ جب یِسُوع ہیرودیس بادشاہ کے زمانہ میں یہودیہ کے
بیت لحم میں پَیدا ہُؤا تو دیکھو کئی مجوسی پُورب سے یروشلیم میں یہ
کہتے ہوئے آئے کہ ○
۲ یہودیوں کا بادشاہ جو پَیدا ہُؤا ہے وہ
کہاں ہے؟ کیونکہ پُورب میں اُسکا ستارہ دیکھکر ہم اُسے سجدہ
۳ کرنے آئے ہیں ○ یہ سُنکر ہیرودیس بادشاہ اور اُسکے ساتھ یروشلیم
۴ کے سب لوگ گھبرا گئے ○ اور اُس نے قوم کے سب سردار کاہنوں
اور فقیہوں کو جمع کرکے اُن سے پُوچھا کہ مسیح کی پَیدایش کہاں
۵ ہونی چاہیئے؟ ○ اُنہوں نے اُس سے کہا یہودیہ کے بیت لحم میں
کیونکہ نبی کی معرفت یُوں لکھا گیا ہے کہ ○
۶ اَے بیت لحم یہوداہ کے علاقے
تُو یہوداہ کے حاکموں میں ہرگز سب سے چھوٹا نہیں۔
کیونکہ تجھ میں سے ایک سردار نکلیگا
جو میری اُمت اِسرائیل کی گلہ بانی کریگا ○
۷ اِس پر ہیرودیس نے مجوسیوں کو چُپکے سے بُلاکر اُن سے تحقیق کی
۸ کہ وہ ستارہ کس وقت دِکھائی دِیا تھا ○ اور یہ کہکر اُنہیں بیت لحم

(الف) یا اپنی اُمت

اور اُسکا نام یسوعؔ رکھا ۝

۲ ۱ جب یسوعؔ ہیرودیس بادشاہ کے زمانہ میں یہوؔدیہ کے
بیت لحم میں پیدا ہُوا تو دیکھو کئی مجوسی پورب سے یروشلیم میں یہ
کہتے ہوئے آئے کہ ۝
۲ یہودیوں کا بادشاہ جو پیدا ہُوا ہے وہ
کہاں ہے؟ کیونکہ پورب میں اُسکا ستارہ دیکھکر ہم اُسے سجدہ
۳ کرنے آئے ہیں ۝ یہ سُنکر ہیرودیس بادشاہ اور اُسکے ساتھ یروشلیم
۴ کے سب لوگ گھبرا گئے ۝ اور اُس نے قوم کے سب سردار کاہنوں
اور فقیہوں کو جمع کر کے اُن سے پُوچھا کہ مسیح کی پیدایش کہاں
۵ ہونی چاہیئے؟ ۝ اُنہوں نے اُس سے کہا یہوؔدیہ کے بیت لحم میں
کیونکہ نبی کی معرفت یُوں لکھا گیا ہے کہ ۝
۶ اَے بیت لحم یہوداہ کے علاقے
تُو یہوداہ کے حاکموں میں ہرگز سب سے چھوٹا نہیں ۔
کیونکہ تجھ میں سے ایک سردار نکلیگا
جو میری اُمت اسرائیل کی گلہ بانی کریگا ۝
۷ اس پر ہیرودیس نے مجوسیوں کو چُپکے سے بُلا کر اُن سے تحقیق کی
۸ کہ وہ ستارہ کس وقت دکھائی دیا تھا ۝ اور یہ کہکر اُنہیں بیت لحم